**15.08.2025**

**21.15 Hrs.**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

…………………………………

- ☆ ملک نے آج 79واں یومِ آزادی جوش وخروش کے ساتھ منایا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے لال قلعہ کی فصیل پر قوم پرچم لہرایا اور ہموطنوں کو تلقین کی کہ وہ بھارت کو خودکفیل بنائیں اور صرف سودیشی اشیاء استعمال کرنے کا عہد کریں۔
- ☆ وزیر اعظم نے نئے سلسلے کی GST اصلاحات کے ساتھ ساتھ اسلحہ نظام، ایٹمی توانائی اور گہرے سمندر میں تلاش کے شعبوں میں بڑے اقدامات کا اعلان کیا۔
- ☆ ریاستوں اور بیرون ملک بھارتی مشنوں میں بھی یومِ آزادی حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ منایا گیا۔
- ☆ جموں وکشمیر میں بادَل پھٹنے کے واقعے سے متاثرہ کشتواڑ میں مرنے والوں کی تعداد 60 ہوگئی ہے۔ بچاؤ اور امدادی کارروائی زور وشور سے جاری ہے۔
- ☆ اور امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور روس کے صدر ولادیمیر پتن کے درمیان ملاقات آج رات الاسکا میں ہونے والی ہے۔

…………………………………

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**PM Independence Day**

ملک میں آج 79واں یومِ آزادی منایا گیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے دلّی میں تاریخی لال قلعہ پر یومِ آزادی کی تقریبات کی قیادت کی اور قومی پرچم لہرایا۔ لال قلعے کی فصیل سے ملک سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے ہموطنوں کو تلقین کی کہ وہ بھارت کو خودکفیل بنانے کیلئے کام کریں اور ہمارے اپنے لوگوں کی بنائی گئی صرف سودیشی اشیاء استعمال کرنے کا عہد کریں اور خودکفالت کی تعمیر کریں۔

جناب مودی نے آپریشن سندور کے بہادر سپاہیوں کو یہ کہتے ہوئے سلام پیش کیا کہ یہ آپریشن ملک کی مسلح افواج کی شجاعت اور اچوک صلاحیت کی ایک طاقتور مثال ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ سرکار نے مسلح افواج کو حکمت عملی، نشانہ اور وقت طے کرنے کی کھلی چھوٹ دی تھی۔

وزیر اعظم نے اِس بات کا تذکرہ کیا کہ ملک کے لوگوں کو اب یہ احساس ہوگیا ہے کہ دریائے سندھ سے

متعلق آبی معاہدہ غیرمنصفانہ ہے۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ بھارت اب ایٹمی Blackmail کو برداشت نہیں کرے گا۔

S/B 0815 PM no Nuclear Warning

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت دشمن کی کسی بھی کوشش کو ناکام بنانے کی خاطر ایک طاقتور اسلحہ نظام قائم کرنے کیلئے مشن سدرشن چکر کا آغاز کرے گا۔ جناب مودی نے کہا کہ سال 2035 تک اگلے دس سال کے دوران، اِس قومی سلامتی ڈھال کو توسیع دی جائے گی، مستحکم بنایا جائے گا اور اِسے جدیدطرز پر ڈھالا جائے گا۔ وزیر اعظم نے آتم نربھر بھارت کو وکست بھارت کا ایک اہم بنیادی ستون قرار دیا۔اِس سلسلے میں انھوں نے دفاع، تکنیک، توانائی، خلاء اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں بھارت کی پیشرفت کا تذکرہ کیا۔

جناب مودی نے آپریشن سندور کو بھارت کی دفاعی خودکفالت کی مثال قرار دیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وہ کسانوں اور ماہی گیروں کے مفادات کے تحفظ کی خاطر خود ایک دیوار کی طرح کھڑے رہیں گے اور بھارت اِن کسانوں اور ماہی گیروں کے مفادات پر کبھی بھی کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔

وزیر اعظم نے ملک کے نوجوانوں کیلئے تقریباً ایک لاکھ کروڑ روپئے کے اخراجات کے ساتھ پی ایم وکست بھارت روزگار یوجنا کا اعلان کیا۔ اس کے تحت پرائیویٹ شعبے میں پہلی بار روزگار حاصل کرنے والے نوجوانوں کو 15ہزار روپئے ماہانہ دیئے جائیں گے۔ یہ رقم اُنھیں دوقسطوں میں فراہم کی جائے گی۔

وزیر اعظم نے اِس سال دیوالی تک نئے سلسلے کی GST اصلاحات لانے کا اعلان کیا، جن کا مقصد روز مرہ کے استعمال کی اشیاء پر ٹیکس کم کرنا ہے۔

S/B 0815 PM Diwali GST Next Reform

جناب مودی نے نئے سلسلے کی اصلاحات کیلئے ایک مخصوص ٹاسک فورس قائم کرنے کا بھی اعلان کیا۔ انھوں نے کہا کہ یہ ٹاسک فورس معاشی ترقی کی رفتار بڑھانے، لال فیتہ شاہی میں کٹوتی کرنے، حکمرانی کو جدیدطرز پر ڈھالنے اور 2047 تک 10ٹریلین ڈالر کی معیشت کے تقاضوں کو پورا کرنے کیلئے بھارت کو تیار کرے گی۔

جناب مودی نے شمسی، ہائیڈروجن، پن بجلی اور ایٹمی پاور میں بڑی توسیع کے ساتھ ساتھ سمندری وسائل کو بروئے کار لانے کی خاطر گہرے سمندر میں تلاش کا قومی مشن شروع کرنے کا بھی اعلان کیا۔

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اِس سال کے آخر تک ملک میں بنائے گئے سیمی کنڈکٹر Chips کا آغاز کرے گا۔ اِس سے اہم ٹکنالوجی شعبوں میں بھارت کی بڑھتی ہوئی قوت کی عکاسی ہوتی ہے۔

S/B 0815 PM Semiconducter

وزیر اعظم نے پرائیویٹ شعبے کی شمولیت کے ساتھ ایٹمی توانائی کو توسیع دیئے جانے پر بھارت کی خاص توجہ کو اجاگر کیا اور کہا کہ سردست 10نئے ایٹمی ری ایکٹر کام کر رہے ہیں۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ بھارت کی آزادی کے 100ویں سال میں ملک ایٹمی توانائی کی اپنی صلاحیت کو دس گنا کرنے کا ارادہ رکھتا ہے، جس سے توانائی کے شعبے میں خودکفالت کو مستحکم بنایا جاسکے گا اور پائیدار ترقی کو بھی تقویت ملے گی۔

وزیر اعظم نے خلاء کے شعبے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ بھارت گگن یان کی تیاری کر رہا ہے۔ انھوں نے

اجاگر کیا کہ سیٹلائٹ، دریافت اور جدید طرز کی خلائی ٹکنالوجی کے شعبے میں 300 سے زیادہ اسٹارٹ اَپ ادارے سرگرمی کے ساتھ اختراعی کام انجام دے رہے ہیں اور اس طرح بھارت خلائی سائنس اور تلاش کے شعبے میں عالمی سطح پر سرکردہ رول ادا کرسکے گا۔x

## States Independence Day

آج 79ویں یومِ آزادی کے موقع پر مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں بھی پرچم کشائی، پریڈ اور ثقافتی پروگراموں کا اہتمام کیا گیا۔

جموں وکشمیر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سرینگر کے بخشی اسٹیڈیم میں پرچم لہرایا، جو گذشتہ 6سال میں منتخب رہنما کی قیادت میں اس طرح کی پہلی تقریب تھی۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی سکیورٹی فورسز اور مجاہدین آزادی کی عزت افزائی کرتے ہوئے تقریبات کی قیادت کی۔

تمل ناڈو میں وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹالن نے چنئی میں Fort St. George میں تقریبات کی صدارت کی۔ اس موقع پر سماجی خدمات اور ترقی کے شعبے میں نمایاں کارکردگی کے صلے میں ایوارڈس بھی دیئے گئے۔

تریپورہ کے وزیر اعلیٰ مانِک ساہا نے آتم نربھر بھارت کو فروغ دیتے ہوئے اور سکیورٹی اہلکاروں کی ستائش کرتے ہوئے اگرتلہ میں تقریبات کی قیادت کی۔

تلنگانہ میں وزیر اعلیٰ Revanth Reddy نے ریاست کو تین ٹریلین ڈالر کی معیشت میں بدلنے کیلئے ’’درخشاں تلنگانہ 2047‘‘ نظریے کا اعلان کیا۔

پدوچیری میں وزیر اعلیٰ این رَنگا سامی نے حکومت کے چار سال کی کارکردگی کا جائزہ پیش کیا اور کرائیکل، یانم اور ماہے میں ثقافتی پروگراموں کا اہتمام کیا گیا اور پولیس میڈلس دیئے گئے۔

چنڈی گڑھ میں ایڈمنسٹریٹر گلاب چند کٹاریہ نے قومی پرچم لہرایا۔x

## Independence Day Celebrations Abroad

ایسے میں جب بھارت اپنا 79واں یوم آزادی منا رہا ہے، بیرون ملک بھارتی مشنز بھی اِس دن کو پورے جوش و خروش اور حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ منا رہے ہیں اور اِس موقع پر مشترکہ اقدار کو اجاگر کر رہے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر بھارت میں امریکی سفارتخانے نے یوم آزادی کی مبارکباد دی ہے اور لکھا ہے ’یوم آزاد مبارک ہو‘۔ اُس نے مزید کہا ہے کہ امریکہ اِس موقعے پر بھارت کے ساتھ جشن منا رہا ہے۔ امریکہ عالمی سطح پر امن اور خوشحالی کو آگے بڑھانے میں مشترکہ کامیابیوں کی ستائش کرتا ہے۔ امریکہ کی جانب سے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے بھارت کے عوام کو یومِ آزادی کی مبارکباد دی ہے اور نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

ٹوکیو میں بھارتی سفارتخانے میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی۔ بھارتی سفیر C.B. George نے ٹوکیو میں ترنگا پھہرایا اور قوم سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب کو پڑھ کر سنایا۔ مالدیپ میں بھارتی برادری کے ارکان نے بھی ’ہر گھر ترنگا‘ مہم کے ساتھ یومِ آزادی کا جشن منایا۔ x

**Prez At Home**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 79ویں یومِ آزادی کے موقع پر آج شام راشٹر پتی بھون میں At-Home استقبالیے کا اہتمام کیا۔ اِس موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی، سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند، لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا اور بھارت کے چیف جسٹس B.R. Gavai بھی موجود تھے۔ اِس کے علاوہ مرکزی وزیروں اور دیگر ممتاز شخصیات نے بھی اِس تقریب میں شرکت کی۔ اِن میں راجناتھ سنگھ، جے پی نڈّا، ڈاکٹر ایس جےَ شنکر، پیوش گوئل، منوہر لال، انوپریہ پٹیل اور ارجن رام میگھوال شامل ہیں۔x

**Shivraj Farmers**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ دیگر ملکوں کے ساتھ ایسے کسی سمجھوتے پر دستخط نہیں کئے جائیں گے جو کسانوں کے مفادات کے خلاف ہو۔ آج نئی دلّی میں ملک کے کسانوں کے ساتھ گفتگو کے دوران جناب چوہان نے زور دے کر کہا کہ کوئی بھی معاہدہ برابر کی شرائط پر ہونا چاہیئے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ کسانوں کی بہبود اور ملک کی بہبود مقدم ہیں۔x

**Rev. J&K Cloudburst**

جموں و کشمیر میں کشتواڑ ضلع کے Paddar سب ڈویژن کے Chistoti گاؤں میں کل بادل پھٹنے کے واقعے کے بعد امدادی اور بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں۔ آکاشوانی جموں کے ہمارے نامہ نگار کے مطابق اس حادثے میں ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 60ہو گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے سرینگر میں آج یومِ آزادی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یہ تعداد بتائی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس افسوسناک حادثے میں 100سے زیادہ لوگ زخمی ہوئے ہیں۔ لاپتہ افراد کی تلاش کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ اس دوران SDRF،NDRF اور مقامی حکام کی ٹیمیں لاپتہ افراد کو تلاش کرنے میں مصروف ہیں۔ سالانہ مچھیل ماتا یاترا کو معطل کر دیا گیا ہے۔بادل پھٹنے کے اس واقعے میں بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے، گھروں، دکانوں اور گاڑیوں کو نقصان پہنچا ہے۔ یہ واقعہ Chistoti گاؤں میں پیش آیا، جو مچھیل ماتا مندر کے راستے میں واقع ہے، جہاں یاتری موجود تھے۔ اچانک آنے والے سیلاب میں کئی افراد بہہ گئے، جن میں یاتری بھی شامل ہیں۔اس دوران وزیراعظم نریندر مودی نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے بات کی اور کشتواڑ کی صورتحال کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ حکام کے مطابق اب تک 30لاشوں کی شناخت ہو چکی ہے۔ اب تک 160سے زیادہ لوگوں کو بچایا جا چکا ہے، جن میں سے 38 کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ مزید کئی لوگ اب بھی پھنسے ہوئے ہیں۔

مرکز کے زیر انتظام علاقے کی انتظامیہ نے Paddar میں، جو Chistoti سے تقریباً 15 کلومیٹر دور واقع ہے، ایک کنٹرول روم اور ہیلپ ڈیسک قائم کیا ہے تا کہ عوام اور یاتریوں کو مدد فراہم کی جا سکے۔

نمبرس ہیں:نو–آٹھ، پانچ–آٹھ، دو–دو، تین–ایک، دو–پانچ، چھ صفر صفر، چھ سات صفر، ایک نو تین چار، نو سات نو، سات پانچ صفر، چار صفر، سات آٹھ اور آٹھ چار، نو دو آٹھ آٹھ، چھ آٹھ نو پانچ x

## Trump Putin

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ آج Alaska کے Anchorage میں واقع امریکی مشترکہ فوجی اڈّے Elmendorf-Richardson میں روس کے اپنے ہم منصب ولادیمیر پوتن سے ملاقات کریں گے۔ اِس سال جنوری میں وہائٹ ہاؤس میں واپسی کے بعد سے صدر ٹرمپ کی روس کے صدر کے ساتھ یہ پہلی میٹنگ ہے۔ اِس چوٹی میٹنگ سے قبل ٹرمپ نے کہا کہ اُنہیں یقین ہے کہ صدر پوتن، یوکرین میں جنگ ختم کرنے کیلئے تیار ہیں۔ x

## Humayun Tomb Wall Collapse

نئی دلّی میں آج شام ہمایوں مقبرے کے نزدیک ایک درگاہ کی دیوار منہدم ہوجانے کے حادثے میں پانچ لوگوں کی موت ہوگئی۔ دلّی پولیس کے جوائنٹ کمشنر سنجے جین نے میڈیا کو بتایا کہ دیوار ڈھہ جانے سے تقریباً 10 لوگ زخمی بھی ہوئے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ پولیس، آگ بجھانے والا محکمہ اور دیگر محکموں نے مذکورہ حادثے کی اطلاع موصول ہوتے ہی فوری طور پر راحت اور بچاؤ کی کارروائی شروع کر دی۔اس دوران جنوب–مشرقی دلّی کے ضلع مجسٹریٹ ڈاکٹر Sravan Bagaria نے بتایا کہ حادثے کی تحقیقات کی جا رہی ہے اور بھارتی محکمۂ آثارِ قدیمہ کے زیر انتظام درگاہ میں اگر کوئی غیر قانونی طور پر رہتے ہوئے پایا گیا تو اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ x

## Maha Ganeshotsav

مہاراشٹر حکومت نے گنیش اُتسو کو باضابطہ طور پر سرکاری فیسٹول قرار دیاہے اور اِس سلسلے میں ایک سرکاری قرار داد جاری کی ہے۔ اِس اقدام کے تحت Bhajani Mandals، پانچ کروڑ روپے تک کی مالی مدد حاصل کرنے کے حقدار ہوں گے۔ اِس اقدام کے تحت قومی اور بین الاقوامی سطح پر گنیش اُتسو کی عوامی تقریبات کو فروغ دینے کیلئے کئی ثقافتی اور مذہبی پروگراموں کا انعقاد کیا جائے گا۔ اِس میں ایک روحانی ڈرامہ فیسٹول، ڈرون شوز اور ریاست گیر لیکچر سیریز بھی شامل ہیں۔ اہم گنیش مندروں اور عوامی تقریبات کو آن لائن دیکھنے کیلئے ایک خصوصی پورٹل کا بھی آغاز کیا جائے گا۔ شہریوں کیلئے ایک ڈیجیٹل پلیٹ فارم بھی تیار کیا جائے گا تاکہ وہ مقامی طور پر منائے جانے والے گنیش اُتسو کی تصاویر کو اپلوڈ کرسکیں۔ x

## Passed Away

ناگالینڈ کے گورنر La Ganesan کا آج شام چنئی میں انتقال ہوگیا۔ وہ 80برس کے تھے۔ چنئی کے ایک اسپتال میں اُن کا علاج چل رہا تھا۔ انھوں نے شام 6بج کر 23منٹ پر آخری سانس لی۔ BJP کے سینئر لیڈر La Ganesan کو فروری 2023میں ناگالینڈ کا گورنر مقرر کیا گیا تھا۔ اِس سے قبل انھوں نے منی پور کے گورنر کے طور پر خدمات انجام دی ہیں۔ مختصر عرصے کیلئے انہیں مغربی بنگال کے گورنر کا اضافی چارج بھی دیا گیا تھا۔ کل چنئی میں شام 5بجے اُن کی آخری رسوم ادا کی جائیں گی۔ x

☆☆☆☆☆☆